Session 6th
No 245
Date 28/02/2019
Department Home

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر **245**

منجانب: سردار حسین بابک صاحب رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ خیسور شمالی وزیرستان میں ایک معصوم بچے کی فریاد پر صوبائی حکومت کی خاموشی اور ذمہ داران کی طرف سے غیر سنجیدگی کا مظاہرہ قابل افسوس اور تکلیف دہ ہے دہشتگردی کے واقعات اور قبائلی اضلاع میں آپریشنز کی وجہ سے تباہ حال زندگی قابل توجہ ہے اور اوپر سے اس طرح کے واقعات احساس محرومی میں اضافے کا سبب بن رہی ہے وہاں پر جان ومال کی بڑی مقدار میں نقصان اور اسی طرح عزت نفس چادر اور چار دیواری کی پامالی ناقابل برداشت ہے۔ صوبائی حکومت کا خاموش بناز خموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے حکومت کو فوری طور پر واقعے کی انکوائری کرنی چاہیے اور ذمہ داروں کو قانون کے کٹھرے میں لانا چاہیے تاکہ آئندہ کسی کو اس قسم ناقابل برداشت حرکت کی جرات نہ ہو۔